NHS
SCOTLAND

آپ کی مقامی فارمیسی میں NHS کی معمولی بیماری سے متعلق سروس

مریضوں کے لیے معلومات

The Scottish
Government
Riaghaltas na h-Alba

NHS کی معمولی بیماریوں کی سروس (مائنر ایلمنٹ سروس) کیا ہے؟

- معمولی بیماریوں کی سروس، بچوں، 60 سال یا زیادہ عمر کے بوڑھے لوگوں، طبی استثناء کی سند (میڈیکل ایگزمپشن سرٹیفکٹ) والے لوگوں اور مخصوص بینیفٹس حاصل کرنے والوں کے لیے NHS کی ایک سروس ہے۔
- جب آپ معمولی بیماریوں کی سروس میں اندراج یافتہ ہوتے ہیں تو، آپ کا فارماسسٹ آپ کو معمولی بیماریوں یا شکایت کے لیے دوا دے سکتا ہے، اگر وہ سمجھتا ہے کہ آپ کو اس کی ضرورت ہے۔ آپ کو اس کے لیے ادائیگی نہیں کرنی ہوگی۔

یہ سروس کس کے لیے ہے؟

آپ NHS کی معمولی بیماریوں کی سروس کا استعمال کرسکتے ہیں اگر:

- آپ اسکاٹ لینڈ میں کسی GP سرجری میں اندراج یافتہ ہوں، اور
    - آپ کی عمر 16 سال سے کم، یا 18 سال سے کم ہو اور کل وقتی تعلیم میں ہوں
    - آپ کی عمر 60 سال یا زیادہ ہو
    - آپ کے پاس جائز میٹرنٹی ایگزمپشن سرٹیفکٹ، میڈیکل ایگزمپشن سرٹیفکٹ، یا وار پینشن ایگزمپشن سرٹیفکٹ ہو
    - آپ کو انکم سپورٹ، آمدنی پر مبنی جاب سیکرز الاؤنس، یونیورسل کریڈٹ یا پنشن کریڈٹ گارنٹی کریڈٹ ملتا ہو، یا
    - آپ NHS ٹیکس کریڈٹ سے استثناء کے سرٹیفکٹ یا جائز HC2 سرٹیفکٹ کے اہل ہوں، یا اس میں آپ کا نام شامل ہو۔

اگر آپ کیئر ہوم میں رہ رہے ہیں تو آپ NHS کی معمولی بیماری کی سروس کا استعمال کرسکتے ہیں۔

میں سروس کے لیے کیسے اندراج کروں؟

NHS کی معمولی بیماریوں کی سروس پورے اسکاٹ لینڈ کی فارمیسیز سے دستیاب ہے۔

- آپ یہ انتخاب کرسکتے ہیں کہ اپنا اندراج کس فارمیسی میں کروائیں۔
- آپ کسی بھی وقت اندراج کرواسکتے ہیں – آپ کو ملاقات کا وقت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اندراج کروانے کے بعد، آپ کا فارماسسٹ آپ سے کچھ معلومات طلب کرسکتا ہے، جس میں آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور پوسٹ کوڈ شامل ہے۔
- وہ یہ بھی دیکھیں گے کہ آیا آپ NHS کی معمولی بیماری کی سروس کااستعمال کرسکتے ہیں اور وہ آپ سے ثبوت، مثال کے طور پر آپ کے میٹرنٹی (زچگی) یا میڈیکیل ایگزمپشن سرٹیفکٹ طلب کرسکتے ہیں۔ **اپنے ساتھ یہ ثبوت لانا یاد رکھیں۔**
- آپ کا فارماسسٹ ایک فارم مکمل کرے گا، جس پر آپ کے دستخط ضروری ہیں۔
- آپ کا فارماسسٹ آپ کے خاندان کے ہر فرد کے لیے علیحدہ فارم پُر کرے گا، جس میں 16سال سے کم یا 19 سال سے کم عمر کے کل وقت تعلیم والے بچے شامل ہیں۔
- آپ ایک وقت میں سروس کے لیے صرف ایک فارمیسی میں اندراج کرواسکتے ہیں۔ اگر آپ نئی فارمیسی میں اندراج کرواتے ہیں تو، آپ پرانی فارمیسی میں اندراج یافتہ نہیں رہیں گے۔

جب آپ سروس کے لیے اندراج یافتہ ہوتے ہیں تو بھی آپ جب چاہیں اپنے ڈاکٹر سے ملاقات کے لیے وقت لے سکتے ہیں۔

- یاد رکھیں کہ اگر آپ اس مفت سروس کا استعمال نہ کرسکتے ہوں تب بھی، آپ مشورہ یا معمولی بیماری یا شکایت کے لیے دوائیں لینے اپنے فارماسسٹ کے پاس جاسکتے ہیں۔

یہ سروس کس طرح کام کرتی ہے؟

- آپ معمولی بیماریوں اور شکایات کے لیے اپنے فارماسسٹ سے مشورہ اور مفت علاج حاصل کرسکیں گے (اگر آپ کو اس کی ضرورت ہو)، جیسے:

مہاسے
ایتھلیٹس فُٹ (پیر کی تعدی)
پیٹھ درد
ہونٹ کی پھنسیاں
قبض
کھانسی
ڈائریا (اسہال)
کان کا درد
ایکزیما اور الرجی
بواسیر (مسّے)
تپ کاہی

سردرد
سر کی جوں
بدہضمی
منہ کے زخم
ناک بند ہونا
درد
ماہواری کا درد
منہ کے چھالے
گلے میں خراش
فیتہ کرم (پیٹ کے کیڑے)
مہاسے اور سخت دانے

- آپ کا فارماسسٹ، آپ کے ڈاکٹر کی طرح ہی، صرف کچھ دوائیں اور مصنوعات دے سکتا ہے۔ آپ وہ دوائیں یا مصنوعات نہیں خرید سکتے جو آپ عام طور پر خریدتے ہیں۔

- اگر آپ کا فارماسسٹ محسوس کرتا ہے کہ آپ کے لیے اپنے GP سے ملاقات بہتر ہے تو، وہ آپ کو براہ راست ان کے پاس بھیج سکتا ہے یا آپ سے اپنے جی سے ملاقات کا وقت لینے کو کہہ سکتا ہے۔

کیا میں اب بھی دوسری فارمیسیز میں جاسکتا ہوں؟

- ہاں، آپ دوائیں خریدنے یا اپنا نسخے کی دوائیں لینے کسی فارمیسی میں جاسکتے ہیں۔ البتہ، سروس استعمال کرنے کے لیے آپ کو اسی فارمیسی میں جانا ہوگا جہاں آپ رجسٹرڈ ہیں۔

اگر میں فارمیسی سے حاصل ہوئی سروس سے مطمئن نہ ہوں تو کیا کروں؟

- اگر ممکن ہو تو پہلے فارماسسٹ سے بات کریں تاکہ وہ آپ کی شکایت کا جلدی ازالہ کرسکے۔
- اگر آپ ایسا نہیں کرسکتے، یا اگر آپ پہلے ہی اپنے فارماسسٹ سے بات کرچکے ہیں اور ابھی بھی ناخوش ہیں تو، آپ شکایت کرسکتے ہیں۔ کتابچہ **NHS کے بارے میں شکایت کرنا** اس کا طریقہ بتاتا ہے۔ آپ ان متعدد جگہوں سے جہاں سے آپ NHS کی نگہداشت حاصل کرتے ہیں، یا پھر اس پتے سے یہ کتابچہ لے سکتے ہیں **www.hris.org.uk**۔

مزید معلومات کیسے حاصل کریں

اس کتابچے میں درج کسی بھی چیز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں:

- اپنی مقامی فارمیسی سے
- اپنے ڈاکٹر یا اپنی نگہداشت میں شامل NHS کے اسٹاف سے
- NHS انفارم ہیلپ لائن سے **0800 22 44 88** پر (لینڈ لائن سے کالیں مفت ہیں)، یا
- اپنے مقامی سیٹیزن ایڈوائس بیورو سے (اپنا قریبی بیورو انٹرنیٹ پر **www.cas.org.uk** پر یا اپنے مقامی فون بُک میں دیکھیں)۔

دوسری زبان کے فارمیٹ میں یہ معلومات طلب کرنے کے لیے
اس کے بارے میں پوچھنے کے لیے **ask@hris.org.uk**
پر ای میل کریں

یہ معلومات اسکاٹش گورنمنٹ کی ویب سائٹ
(www.scotland.gov.uk) اور ہیلتھ رائٹس انفارمیشن
اسکاٹ لینڈ کی ویب سائٹ (www.hris.org.uk) پر
دستیاب ہے-

The Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba

کنزیومر فوکس
اسکاٹ لینڈ

ہیلتھ رائٹس انفارمیشن اسکاٹ لینڈ کے کنزیومر
فوکس اسکاٹ لینڈ پروجیکٹ کے ذریعہ اسکاٹش
گورنمنٹ ہیلتھ ڈائرکٹوریٹس کے ذریعہ تیار کردہ-

APS گروپ اسکاٹ لینڈ
DPPAS14261 (05/13)

ورژن 3 تیار کردہ مئی 2013
ISBN: 978-1-78256-570-3